Musalman

Date: 02:08:2007 Station: Islamabad

پاکستان میں 1 ہزار بچوں کی پیدائش میں سے 78 بچے اپنی سالگرہ سے پہلے فوت ہو جاتے ہیں' طالب لاشاری

اسلام آباد (جنزل رپورٹر) سماجی تنظیم کے ایگزیکٹو کوآرڈینیٹر ڈاکٹر طالب لاشاری نے کہا ہے کہ پاکستان میں ایک ہزار بچوں کی پیدائش میں سے 78 بچے اپنی پہلی سالگرہ سے پہلے فوت ہو جاتے ہیں جس کی بنیادی وجہ پیدائش کے فوراً بعد ماں کا دودھ نہیں دیا جاتا جس کی وجہ سے بچے کو فوراً درجنوں بیماریاں گھیر لیتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں ان اموات کی بنیادی وجہ پسماندہ اور دیہی علاقوں میں لوگوں میں شعور کی بہت کمی ہے۔

اسلام آباد، سماجی تنظیم کے ایگزیکٹو کوآرڈینیٹر طالب لاشاری پریس کانفرنس کر رہے ہیں (فوٹو مسلمان)